سوال

(51) جوکوئی خصاء بہائم ماکول لحم ہو اس کے پیچھے نماز کا حکم

جواب

السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

کیا فرماتے ہیں علماء اس مسئلہ میں کہ بعضے عالم بنگلہ کے کہتے ہیں کہ جو جوکوئی خصاء بہائم ماکول لحم ہو۔ یا غیر کول لحم ہوکرے گا وہ فاسق ہے۔ اس سے ترک اکل و شرب و ملاقات واجب ہے اوراس کے پیچھے نماز جائز۔ علمائے شرح برائے خدا جواب باصواب۔ ارشاد فرمادیں۔ اور اللہ تعالی سے اس کا ثواب حاصل کریں۔

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمۃ اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاۃ والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

درصورت مرقومہ اولامدعی مزکورہ پر ثبوت پہنچانا حدیث نہی خصاء بہائم کے بسند صحیح متصل لاسناد مطابق شرائط اہل حدیث وفقہ کے واجب ہے۔

ثانیاً بعد نبوت حدیث صحیح متۃالاسناد کے اس کی تعمیم میں کلام ہوگا کہ یہ نہی خصاء کے غیرماکول لحم میں وارد ہے نہ ماکول لحم میں اب ہم قطع نظر صحت حدیث وعدم صحت سے کر کے کہتے ہیں کہ نہی خصاء بہائم کے ساتھ جانور غیرماکول لحم کی خاص ہے جیسے خرو خچر وغیرہ اورماکول لحم اس نہی میں شامل نہیں بدلالت نص قرآنی کے کیونکہ مقصود اعظم چارپایہ ماکول لحم سے اکل ہے قطع نظر دیگر منافع عام سے چنانچہ اللہ تعالیٰ نے سورۃ اانعام فرماتا ہے۔

وَمِنَ الْأَنْعَامِ حَمُولَةً وَفَرْشًا كُلُوا مِمَّا رَزَقَكُمُ اللَّهُ وَلَا تَتَّبِعُوا خُطُوَاتِ الشَّيْطَانِ إِنَّهُ لَكُمْ عَدُوٌّ مُّبِينٌ ١٤٢ ثَمَانِيَةَ أَزْوَاجٍ مِّنَ الضَّأْنِ اثْنَيْنِ وَمِنَ الْمَعْزِ اثْنَيْنِ قُلْ آلذَّكَرَيْنِ حَرَّمَ أَمِ الْأُنثَيَيْنِ أَمَّا اشْتَمَلَتْ عَلَيْهِ أَرْحَامُ الْأُنثَيَيْنِ

اور جانور ماکول میں لحم لزیز ومرغوب فیہ اور مشتی خصی اور موجود کا ہوتا ہے۔ اور اسی جہت سے آپ ﷺ نے دو کبش موجوئین کی قربانی کی۔

عن جابر قال ذبح رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم یوم الذبح کبشین اقربین الملحین موجوین الی اخرما رواہ احمد وابوداود وابن ماجہ ودارمی کذانی المشکواۃ

اور لحم نہیں یعنی بوک اور فحل غیر خصی کا بدبودار اور بدمزہ ہوتا ہے۔ چنانچہ ارباب طباع سیمہ اور لطیفہ پر مخفی نہیں۔ تو لحم نہیں۔ اورع فحل غیر خصی کا جب **مستلذات** ومشتہات سے نہ ہوا تو **مستلذات** سے خارج ہوا اور قسم ضد طیب میں داخل ہوا۔ اور حال یہ کہ اللہ تعالیٰ نے بندہ کو **مستلذات** کھانے کا ارشاد فرمایا۔ تفصیل اس اجماع کی یہ ہے کہ اللہ تعالیٰ نے اول سورۃ مائدہ میں فرمایا۔

أُحِلَّتْ لَكُم بَهِيمَةُ الْأَنْعَامِ

یعنی اس آیت کریمہ میں اللہ تعالیٰ نے انھیں جانوروں کے اکل کا حکم دیا ہے۔ فرمایا کہ جن کے اکل کا حکم سورۃ انعام میں صادر ہوا بعدازاں اسی صورت مائدہ میں پھر فرمایا۔

يَسْـَٔلُونَكَ مَاذَآ أُحِلَّ لَهُمْ

پس اس آیت میں اللہ تعالیٰ نے ہر قسم مطعوعات وماکولات مستلذات کے کھانے کا امر فرمایا۔ اور شرح ان آیتوں کی تفسیر کبیر سے بخوبی لکھی جاتی ہے۔

يَسْـَٔلُونَكَ مَاذَآ أُحِلَّ لَهُمْ ۖ قُلْ أُحِلَّ لَكُمُ ٱلطَّيِّبَـٰتُ

وہذا متصل بما تقدم من ذکر المطاعم والماکل المسئلۃ الثالثۃ العرب فی الجاہلیۃ کانوا یحرمون اشیا من الطیبات کالبحیرۃ والسائبۃ والوصیلۃ والحکام فہم کانوا یحکمون بکونہا طیبۃ الا انہم کانوا یحرمون اکلہا بشبہات ضعیفۃ فذکر تعالی ان کلما یستطاب فہو حلال واکد ہذہ الایۃ بقولہ

قُلْ مَنْ حَرَّمَ زِينَةَ ٱللَّهِ ٱلَّتِىٓ أَخْرَجَ لِعِبَادِهِۦ وَٱلطَّيِّبَـٰتِ مِنَ ٱلرِّزْقِ وَيُحِلُّ لَهُمُ ٱلطَّيِّبَـٰتِ وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ ٱلْخَبَـٰٓئِثَ

واعلم ان الطیب فی اللغۃ ہو المستلذ والحلال الماذون فیہ یسمی الضا طیبا تشبیہا بما ہو مستلذ لانہا اجتمعا فی انتفاء المنصورۃ واعلم ان الطیب فی اللغۃ ہو المستلذ والحلال الماذون فیہ یسمی الضا طیبا تشبیہا بما ہو مستلذ لانہا اجتمعا فی انتفاء المنصورۃ فلا یمکن ان یکون المراء بالطیبات ہہنا المحللات و الا لصار تقدیر الایۃ قل احل لکم المحللات و معلوم ان ہذا رکیک فوجب حمل الطیبات علی المستلزت المشتی فصار التقدیر احل لکم مایستلزو یشتہی ثم اعلم ان العبرۃ فی الاستلزاز والاستطابۃ باہل المروۃ والاخلاق بحیلۃ فان اہل البادیۃ یستطیبون اکل جمیع الحیوانات ویناکد دلامۃ ہذہ الایۃ بقولہ تعالی فہذا یفقضی التمکن من النتفاع بکل مافی الارض الا انۃ تعالی ادخل التحصیص فیہ ذلک العموم فقال

وَيُحَرِّمُ عَلَيْهِمُ ٱلْخَبَـٰٓئِثَ

ونص فی ہذہ الایات الکثیرۃ علی اباحۃ المستلزات والطیبات فصار ہذا اصلا وقانونا مرجوعا الیہ فی مایحل ویحرم الاطعمۃ انتہی مافی التفسیر الکبیر بقدر الحاجۃ

اب دانش مندان شرع شریف غور فرمایئں۔ اس مقام میں کہ اصل غرض و مطلب تحریر آیات بینات مذکورہ بالا ہے۔ یہ کہ رب العباد نے اپنے بندگان مسلمین کو ازن واجازت کھانے پینے مستلزات کی فرمائی اور ہدایت کی زیادہ تر طعام خوردنی روزمرہ عرب و عجم کا گوشت اونٹ اور بقرو غنم کا دستورالعمل رہا ہے اور غنم اور بقر میں خاص کر گوشت خصی کا لذیز اور کمال مرغوب ہوتا ہے۔ چنانچہ اہل مذاق صافی طبع اسکو خوب جانتے ہیں۔ اور گوشت تیس یعنی بوک اور مخل غیر خصی کا نہایت بدبودار اور مکروہ ہوتا ہے۔ کیونکہ تیس میں گونہ خبث پائی جاتی ہے۔ 1 کہ استی فائے منافع کماحقہ اسے حاصل نہیں ہوسکتا اسی سبب سے آپ ﷺ نے اس کو ذکواۃ میں دینے سے منع فرمایا

1۔ کیونکہ کثرت شہوت کی وجہ سے اکثر آلہ تناسل کو چوستا ہے۔ (سعیدی)

غور کرو کہ قسطلانیؒ نے تیس کو افراد خبیث میں شمار کر کے مصداق آیت کریمہ مذکورہ کا ٹھیرایا اور عمدۃ القاری شرح صحیح بخاری میں کہا۔

اور اگر بزعم فاسد مدعی ناہی غنم اور ب قر میں دستور خصی اور وجاء کرنے کا نا ہوتا تو کوئی قسم **مستلذات** کی غنم و بقر میں نا پائی جاتی حالانکہ شارع لطیف خبیر نے بندوں کو **مستلذات** کھانے کا حکم فرمایا اور جو کوئی خصی او وجاء کرنے سے مانع ہو اور فاعل اس کے گناہ گار جانے وہ مخالف حکم الہیٰ کا ہوگا۔ بنا برانکار دلالت نص قرآنی مذکورہ بالا کے اور بسبب خبث بدبوئے لحم تیس کے علمائے ماہران نصوص قرآنی کے نہی خصاء بہائم میں غیر ماکول لحم کے قائل اور مجوز ہوئے اور ماکول لحم کو نہی سے خارج کیا کہ خبث بدبوئے کی او وجاہ کرنے سے زائل ہو اور طیب ، **مستلذات** خائص ہو جاوے۔ بحکم شارع عزوجل کے اور جو تمام تر غنم او بقر تیس ہے او تحل ہے بزگم زاعم زمانہ آپ ﷺ میں رہتے اور خصی اور موجود نہ ہوتے تو زکواۃ دینے میں ممانعت خاصی کی کیوں ہوتی اس لئے کہ اگر تمام غنم ، بقر غیر خصی ہوتے تو زکواۃ انہیں غیر خصی میں سے دیجاتی بنا بریں اس کے کس صفت کے جانور ہوں اسی صفت زکواۃ دی جاتی ہے۔ شرعاً مثلاً اگر سب جانور عیب دار ہوں۔ تو زکواۃ لینے والا ہوئے۔ ایک جانور عیب دار اوسط درجہ کا چنانچہ تشریح اس کی شرح حدیث اور فتاویٰ 1 مطولات ہر

مذہب میں بوجہ بسط و تفصیل مذکورہ ہے کما لایخفی علی الماہر المسائل الشرعیہ اور عرف عام اور عادت معہودہ قدیم الایام سے جاری بھی ہے۔ بقدر اعداد ریوڑ غنم اور گلہ بقر کی تیس اور فل غیر خصی بقصد اجبال اور گابہہ کی دو چار رہتے ہیں۔ اور باقی سارے خصی اور موجوہ ہوا کرتے ہیں۔ اور بنا پر اس اسم و رواج قدیم کے معمول تھا۔ آپ ﷺ کا کہ دو کبش، موجو خرید کر کے ہر سال قربانی کیا کرتے تھے۔ ایک کبش موجور1 امت کی طرف سے اور ایک اپنی طرف سے اور آل اطہار کی طرف سے چنانچہ ابن ماجہ نے حضرت عائشہ رضی اللہ تعالیٰ عنہا یا ابو ہریرہ رضی اللہ تعالیٰ عنہ سے روایت کی

1۔ یعنی خصی کیا ہوا۔ (سعیدی)

باب اضاحی رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم حدثنا محمد بن یحی حدثنا

پس حدیث ابن ماجہ سے صاف ظاہر ہوتا ہے۔ کہ عادت شریف آپ ﷺ کی یہ تھی ہر سال دو کبش موجوء یعنی خصیہ سودہ و کوفتہ قربانی کیا کرتے تھے۔ چنانچہ ترکیب کان ازا کی عادت معہودہ پر دال صریح ہوتی ہے۔ (متفق علیہ) (رواہ مسلم۔ نسائی۔ عن البراء ولابخاری)

عن حذیفۃ کان اذا ارادان نیام وھو جنب غسل فوجہ و توضا للصلوٰۃ کما رواہ الشیخان وابو داود والنسائی کان اذا

اور نظائر ترکیب کان ازا کے بہت چند نظیریں واسطے تنبیہ نا واقفوں کے لکھ دیں اور جو خصی او غیر موجو کرنے کا دستور نہ ہوتا تو ہر سال آپ ﷺ موجوء خرید کر کہاں سے قربانی کرتے
۔

اور خصی کرنا بزعم زاعم مثلہ اور منی عنہ ہوتا شرعاً تو زمانہ نزول وحی میں منع ہوتا۔ جیسے سرور کائنات نے نماز جنازہ عبد اللہ بن ابی ابن سلول کی پڑھی تو اس پر نہی وارد ہوئی۔ اور خصا کرنے میں نہی وارد نہ ہوئی بلکہ اس کا روج مستمر رہا۔ پس اس میں جواز خصا کی پائی گئی نہ انکار۔ اور جو چند اشخاص سلف سے تفسیر آیت کریمہ

فلیغیرن خلق اللہ

میں خصا مروی ہے۔ سو مرفوع نہیں اور غیر مرفوع حجت نہیں ہے۔

عند المحدثین کما لایخفی علی الماہر باصول الحدیث والفقہ

مثلاً واصل رحم محمود ہے باعتبار صلہ رحمی کے

کما لایخفی علی المتامل الزکی

قال ابن عباس والحسن و مجاہد وقتادۃ وسعید بن المسیب والضاک یعنی دین اللہ نظیرہ لا تبدیل لحق اللہ اي دین اللہ بتحلیل الحرام و تحریر الحلال انتہی مافی المعالم مختصرا

پس از روایت ابن ماجہ وغیرہ ہویدا گردید کہ مرغوب خاطر عاطر رسول اللہ ﷺ در قربانی گوسپند موجوء دخصی بود لہذا وقت ارادہ قربانی گوسپند موجوء و خصی بود دخصی خرید فرمودہ قربانی می کردند و رغبت بسوئے شی نمی باشد مگر بعد، وجودان شی پس اگر دستور، و رواج خصی کردن ووجاء نمودن بنودے چگونہ رغبت بان شی شدہ ہے واگر نہی عنہ بودے نہی ازامی فرمودند بحکم رسالت چنانکہ عادت شریف آنحضرت ﷺ بود کہ وقت یہ کہ چیزے مہی عنہ مشد غصہ و ناخوش بودہ بر سبیل عموم ارشاد می فرمودند کہ ما بال الناس یفعلون کزا و کزو چوں دو بز موجو و و خصی برفارش نہی زجرنہ فرمودند پس درچیز اباحت بلا ریب داخل شد قطع نظر از سنت و مستحب بودن و سکوت و تقریر بران مستزم جواز اباحت لا محالہ خواہد بود کما لایخفی علی الماہر با شریقہ المحدیہ علی صاحبہا الف صلوٰۃ و تحیۃ واللہ اعلم (سید محمد نزیر حسین عفی عنہ) (1281 سید محمد نزیر حسین)

هذا ما عندي والله أعلم بالصواب

[فتاویٰ علمائے حدیث]

جلد 13 ص 148

محدث فتویٰ